پروفیسر سرور حسین خان☆

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی مختصر تاریخ

۱۔ اکتوبر 1962 میں کالجز میں اسلامیات کی تعلیم میں بہتری لانے کے لئے اردو کالج میں 15 اساتذہ جمع ہوئے جنہوں نے کونسل قائم کر کے پروفیسر محمود حسین صدیقی کو کنوینر مقرر کیا اور آئین کی تشکیل کے لئے پروفیسر یحیٰی ندوی اور پروفیسر اکبر حسینی کو کنوینر کا معاون مقرر کیا گیا۔

۲۔ 1968 میں ایس ایم کالج میں آئین کے بنیادی نکات پر اتفاق ہوا،

۳۔ 1973ء میں سٹی کالج میں انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی تشکیل عمل میں آئی جس کے سلیکشن کے ذریعے پہلے صدر پروفیسر دلدار علی غازی اور جنرل سیکریٹری پروفیسر محمد نسیم عثمانی مقرر ہوئے۔

۴۔ 1976ء میں پہلے انتخابات ہوئے اور مولانا پروفیسر محمد سلیمان بوگھیو مرحوم صدر جبکہ جنرل سیکریٹری پروفیسر محترمہ قمر آستان و دیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۵۔ ۱۹۸۳ء کے دوسرے انتخابات میں محترمہ پروفیسر حمیدہ اعجاز صاحبہ صدر اور پروفیسر سلطان محمد قریشی جنرل سیکریٹری و دیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۶۔ 1984 کے تیسرے انتخابات میں پروفیسر محمد سعید اختر صاحب صدر اور پرفیسر امام الدین بلوچ صاحب جنرل سیکریٹری و دیگر عہدہ داران منتخب ہوئے۔

۷۔ 1985 میں انجمن باقاعدہ رجسٹرڈ ہوئی۔ اور آئین میں تبدیلیاں ہوئیں رجسٹریشن میں پرفیسر ریاض الدین ربانی صاحب نے خصوصی تعاون فرمایا۔

۸۔ 1986 کے چوتھے انتخابات میں پروفیسر مولانا محمود حسین صدیقی صاحب صدر پروفیسر محمد صدیق مغل جنرل سیکریٹری و دیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۹۔ 31 دسمبر ۱۹۸۷ء میں انجمن کا پہلا باقاعدہ مذاکرہ بعنوان ''ملی یکجہتی'' بمقام